# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 18 November-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۸؍نومبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ ریاست میں اسمبلی انتخابات کی تشہیری مہم آج ختم ہوگی۔رائے دہی کے عمل کیلئے انتظامیہ پوری طرح تیار۔

☆ الزام تراشی اورنکتہ چینی کے ساتھ انتخابی تشہیری مہم عروج پر۔رائے دہندگان سے راست ملاقاتوں کو امیدواروں کی ترجیح۔

☆ فلمساز وہدایت کار آشوتوش گواریکر IFFI کے بین الاقوامی انتخابی بورڈ کے چیئرمین منتخب۔

اور۔۔۔☆ خواتین کے ایشیا کپ ہاکی ٹورنامنٹ میں جاپان کو شکست دے کر بھارت کی سیمی فائنل میں رسائی۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

ریاست میں اسمبلی کے عام انتخابات کی تشہیری مہم آج ختم ہوجائے گی۔آئندہ بدھ 20 نومبر کو رائے دہی ہوگی‘ جس میں 363 خواتین امیدواروں سمیت مجموعی طور پر چار ہزار 136 امیدواروں کی قسمت الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں میں بند ہوجائے گی۔گڈ چرولی ضلعے کے اہیری حلقے کے انتہائی حساس پولنگ اسٹیشنوں پر رائے دہی عملے کو ووٹنگ مشینوں اور دیگر سامان کے ساتھ کل بذریعہ ہیلی کاپٹر روانہ کیا گیا۔اسمبلی کے عام انتخابات کے ساتھ ہی ناندیڑ لوک سبھا کے ضمنی انتخاب کی تیاریاں بھی مکمل کرلی گئی ہیں اور تمام رائے دہندگان سے اپنا حقِ رائے دہی ادا کرنے کی اپیل ریاستی انتخابی افسر ایس چوک لنگم نے کی ہے۔

***** ***** *****

انتخابات کی تشہیری مہم کے اختتام کی مناسبت سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور امیدواروں کی جانب سے ایک دوسرے پر الزامات اورنکتہ چینی میں شدت آتی دکھائی دے رہی ہے۔

کانگریس کے قومی صدر ملکارجن کھرگے نے کل ناگپور کے قریب عمریڈ میں انتخابی تشہیری اجتماع سے خطاب کیا۔انہوں نے حزبِ اختلاف کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ پنڈت جواہر لال نہرو اور بابا صاحب امبیڈکر جیسے رہنماؤں نے جمہوریت کے تحفظ کیلئے اپنی زندگیاں قربان کیں،لیکن بی جے پی نے ملک کو تقسیم کرنے کا کام کیا۔

کانگریس پارٹی کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے کل گڈ چرولی میں تشہیری جلسے سے خطاب کیا۔انہوں نے مہایوتی حکومت پر اپنے دورِ اقتدار میں مہاراشٹر کی صنعتیں گجرات میں منتقل کرنے کا الزام عائد کیا۔بعدازاں‘ پرینکا گاندھی نے ناگپور میں کانگریس امیدوار وکاس ٹھاکرے کی تشہیر کیلئے ایک روڈ شو میں بھی حصہ لیا۔

مہاوِکاس آگھاڑی کا اختتامی تشہیری جلسۂ عام کل ممبئی میں منعقد ہوا۔اس موقع پر حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ ادھو ٹھاکرے نے ریاست میں مہاوکاس آگھاڑی حکومت برسرِ اقتدار آنے پر سویابین کو سات ہزار روپئے نرخ دینے تک چین سے نہ بیٹھنے کا وعدہ کیا۔انہوں نے انتخابی منشور میں کسانوں کے قرضہ جات معاف کرنے سمیت دیگر وعدوں کو بھی دہرایا۔اس جلسۂ عام میں کانگریس رہنما ورشا گائیکواڑ،رُکنِ پارلیمان سنجے راؤت بھی موجود تھے۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کل ناگپور میں ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے یقین ظاہر کیا کہ مرکزی حکومت کی رہنمائی میں ریاست میں مہایوتی حکومت کے ترقیاتی کاموں کی وجہ سے رائے دہندگان مہایوتی کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔

***** ***** *****

گوا کے وزیر اعلیٰ پرمود ساونت نے کل آکولہ میں، جبکہ آندھرا پردیش کے نائب وزیر اعلیٰ پون کلیان نے چندر پور ضلع کے بلار پور میں اور مدھیہ پردیش کے وزیر اعلی موہن یادو نے چھترپتی سمبھا جی نگر میں کل رائے دہندگان سے ملاقاتیں کیں۔

اسی طرح وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل نندوربار ضلعے کے دھڑگاؤں اور دھولیہ ضلعے کے ساکری حلقہ کے دہی ویل میں تشہیری مہم میں حصہ لیا۔ بی جے پی قائد اور نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل ناگپور جنوبی حلقے میں روڈ شو کیا، جبکہ دوپہر کو چاندوڑ میں ایک انتخابی اجتماع میں بھی شرکت کی۔

***** ***** *****

بہوجن سماج پارٹی کی قومی صدر اور اترپردیش کی سابق وزیر اعلیٰ مایاوتی کل پونے میں انتخابی تشہیر میں شریک ہوئیں۔انھوں نے یقین دلایا کہ بی ایس پی اپنے بل بوتے پر حکومت میں آنے کی کوشش کررہی ہے، لیکن مناسب نشستیں حاصل نہ ہونے پر وہ حکومت سازی کی اہل پارٹی کی حمایت کرکے حکومت میں شامل ہوکر عوام کو انصاف دلائے گی۔

***** ***** *****

تشہیری مہم کی مہلت ختم ہونے سے قبل سبھی امیدوار عوام سے راست ملاقاتوں، تشہیری جلسوں اور روڈ شوز سمیت ریلیوں کے علاوہ گھر گھر جا کر رائے دہندگان سے ملاقاتیں کرنے کو ترجیح دے رہے ہیں۔

جالنہ ضلعے کے بھوکردن حلقے سے بی جے پی و مہایوتی کے امیدوار سنتوش دانوے نے کل والساوڈالا، ڈون گاؤں، نیوڈُنگا، پوکھری اور بوٹ کھیڑا میں تشہیری ریلی نکال کر عوام سے ملاقاتیں کیں۔ جالنہ حلقہ انتخاب سے مہاوِکاس آگھاڑی کے امیدوار کیلاش گورنٹیال کی حمایت میں کل جالنہ شہر کے مختلف علاقوں میں تشہیری ریلیاں نکالی گئیں۔ جبکہ سابق مرکزی وزیرِ مملکت راؤصاحب دانوے نے کل جالنہ میں مہایوتی امیدوار ارجن کھوتکر کیلئے ایک تشہیری ریلی میں حصہ لیا۔ گھن ساونگی اسمبلی حلقہ سے راشٹروادی کانگریس مہاوکاس اگھاڑی کے امیدوار راجیش ٹوپے نے کل اپنے انتخابی حلقے کے نالے واڑی، شاہ گڑھ، والکیشور، انتروالی سراٹی سمیت مختلف دیہاتوں کا تشہیری دورہ کیا اور رائے دہندگان سے بات چیت کی۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** *****

ریاستی زرعی پیداوار ویلیو کمیشن کے صدر پاشا پٹیل نے کہا ہے کہ مہاراشٹر میں برسرِ اقتدار رہتے ہوئے سویابین کو ملک میں سب سے زیادہ پانچ ہزار روپے فی کوئنٹل کے ضمانتی نرخ دیئے گئے ہیں اور فصل کی نمی کی شرط 12 فیصد سے بڑھا کر 15 فیصد کردی گئی ہے۔ وہ گزشتہ روز ناگپور میں ایک اطلاعی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ پاشا پٹیل نے کانگریس رہنما، رندیپ سُرجے والا کی جانب سے سویابین کے ضمانتی نرخ کے بارے میں دی گئی معلومات کو بھی غلط قرار دیا۔

***** ***** *****

ہدایت کار اور فلمساز آشوتوش گواریکر کو انٹرنیشنل فلم فیسٹیول آف انڈیا 2024 یعنی IFFI کے بین الاقوامی انتخابی بورڈ کا چیئرمین منتخب کیا گیا ہے۔ اس تقرری پر گواریکر نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بدلتے وقت کے ساتھ تیار ہونے والی فلمیں دیکھنے کیلئے اس فلم فیسٹیول سے بہتر دوسرا کوئی موقع نہیں ہے۔ یہ فیسٹیول 20 نومبر سے 28 نومبر کے درمیان گوا میں منعقد ہوگا۔

***** ***** *****

خواتین کے ایشیائی کپ ہاکی ٹورنامنٹ میں کل بھارت نے جاپان کوتین ۔صفر سے شکست دے کراپنی جیت کا سلسلہ جاری رکھا۔ بہار کے راجگیر میں یہ مقابلہ کھیلا گیا۔ بھارت کی نونیت کوراور دیپیکا کماری نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارت کی جیت میں اہم کردار ادا کیا۔اس ٹورنامنٹ میں منگل کوسیمی فائنل مقابلے میں بھارت کا مقابلہ پھرایک بار جاپان سے ہوگا۔

***** ***** *****

دوردرشن سماچار کے سابق ڈائریکٹر جنرل ایس ایم خان کل نئی دہلی میں انتقال کر گئے، وہ 67 برس کے تھے۔انہوں نے سابق صدرِ جمہوریہ بھارت رتن ڈاکٹراے پی جے عبدالکلام کے پریس سکریٹری کےطور پربھی خدمات انجام دی تھیں۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات میں رائے دہی فیصد بڑھانے کیلیئے کئی بیداری مہمیں چلائی جارہی ہیں۔

پربھنی ضلع کلکٹر دفتر اوررائے دہندگان بیداری شعبہ اور پربھنی سائیکل تنظیم کی جانب سے کل شہرمیں سائیکل ریلی نکالی گئی۔اس سے پہلے ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے نے سبھی شرکا‘ کوووٹ دینے کا حلف دلایا۔ بعدازاں سائیکل سواروں کواسنادات دیکران کی ستائش کی گئی۔اس ریلی میں آٹھ سال سے لیکرساٹھ سال تک کے سائیکل سواروں نے شرکت کی۔

دھاراشیو میں قومی خدمت اسکیم اورڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے ذیلی مرکز کے شعبۂ ڈرامہ کی جانب سے شہر میں رائے دہی کے پیغام پر مبنی ڈرامہ پیش کرکے بیداری پیدا کی گئی۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کی تشہیری مہم ختم ہونے کے بعد 72 گھنٹوں میں امن وقانون کی صورتحال برقرار رکھنے سے متعلق کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ضلع کلکٹر دلیپ سوامی کی موجودگی میں ایک اجلاس منعقد ہوا۔اس دوران رائے دہی سے قبل کے 72 گھنٹوں کے دوران گاڑیوں کی جانچ‘مخفی طور پر کی جانے والی تشہیر‘رائے دہندگان کولبھانے کی کوششوں سے متعلق انتخابی مشنریوں کو چوکنا رہنے کی ہدایات دی گئیں۔

ناندیڑ ضلعے میں بھی ہرطرف سخت بندوبست کیا گیا ہےاور ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت نے عوام سے کثیر تعداد میں رائے دہی کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے اورنگ آباد مغربی اسمبلی حلقے میں 404 بزرگ شہریوں اور معذور افراد نے گھر سے رائے دہی کی۔اس حلقے میں 95 فیصد معمرشہریوں نے گھر سے ووٹنگ کی ہے‘ جبکہ اورنگ آباد مشرقی حلقے میں 176 افراد نے گھر سے رائے دہی کا حق ادا کیا‘اس انتخابی حلقے میں گھر سے 96 فیصد رائے دہی ہوچکی ہے۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے کے بسمت تعلقے کے چکھلی پھاٹے پر بیٹھک نگرانی دستے نے ایک ٹراویلس بس سے تقریباً 90 لاکھ روپئے نقد رقم ضبط کی۔ یہ بس ممبئی سے ناندیڑ کی جانب جارہی تھی۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع کے کنوٹ‘ پانگر پاڑ‘ حدگاؤں کے چورمبا‘ بھوکر کے پاکی تانڈا‘ دیگلور کے رام تیرتھ اور مکھیڑ کے کولے گاؤں کے رائے دہی مراکز کو حساس قرار دیا گیا ہے۔ان مقامات پر مرکزی ریزرو دستے کے ملازمین کو بندوبست پر مامور کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ریاست میں اسمبلی انتخابات کی تشہیری مہم آج ختم ہوگی ۔رائے دہی کے عمل کیلئے انتظامیہ پوری طرح تیار۔

☆ الزام تراشی اور نکتہ چینی کے ساتھ انتخابی تشہیری مہم عروج پر۔رائے دہندگان سے راست ملاقاتوں کو امیدواروں کی ترجیح۔

☆ فلمساز و ہدایت کار آشوتوش گواریکر IFFI کے بین الاقوامی انتخابی بورڈ کے چیئر مین منتخب۔

اور۔۔۔☆ خواتین کے ایشیا کپ ہاکی ٹورنامنٹ میں جاپان کو شکست دے کر بھارت کی سیمی فائنل میں رسائی۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****